حافظ محمد ظہور الحق ظہور

رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم

رونقِ بزمِ دو عالم، زینتِ دوراں ہے تو
محفلِ کون و مکاں میں شمعِ نور افشاں ہے تو

گلستانِ دہر میں جلوہ نمائی ہے تری
باغباں جس پر ہے نازاں، وہ گلِ خنداں ہے تو

چہرۂ حق سے اٹھایا تو نے باطل کا نقاب
مٹ گئے جس سے اندھیرے وہ مہِ تاباں ہے تو

جس کے آگے ہو گئے باطل کے پرچم سرنگوں
وہ علم بردارِ حق، وہ صاحبِ قرآں ہے تو

خارزاروں کو بنایا تو نے رشکِ گلستاں
تازگی بخشی دلوں کو جس نے، وہ باراں ہے تو

تو مزکّی، تو معلّم، تو مبشّر، تو نذیر
تو سراجِ بزمِ وحدت، داعیٔ ایماں ہے تو

ساقیٔ کوثر، امین و صادق و فخر الرُسل
حامد و احمد، محمدؐ، سیدِ ذیشاں ہے تو

جس نے باطل کی غلامی سے دلائی ہے نجات
جس نے دنیا میں حقیقت کا کیا اعلاں، ہے تو

اہتمامِ بزمِ امکاں کا سبب تو ہی تو ہے
بارگاہِ کبریا کا محترم مہماں ہے تو

تیرا دامانِ شفاعت ہے پناہِ عاصیاں
دردمندانِ دو عالم کے لیے درماں ہے تو

الغرض، مخلوق میں جس کا کوئی ہمسر نہیں
وہ امام الانبیاء، وہ نائبِ رحماں ہے تو

رحمتِ عالم کی صورت میں ہوا تیرا ظہور
ساری دُنیا پر خدائے پاک کا احساں ہے تو!